"پمبرم" شرارتی لٹّو

Author: Kavitha Punniyamurthi
Illustrator: Ajanta Guhathakurta
Translator: Anis Azmi

"دیکھو مجھے کیا ملا بالا اَنّا" پریا نے کہا "ایک پرانا لَٹّو!"

پمبرم نامی لَٹّو کے کان کھڑے ہو گئے۔ "آہ! آخر کار کسی نے مجھے ڈھونڈ ہی نکالا۔" صندوق کی نچلی دراز میں سالوں سے پڑے پڑے وہ بور ہونے لگا تھا۔

"کسی زمانے میں یہ لَٹّو بہت خوبصورت رہا ہوگا" بالا نے اُس پر لگی ہوئی دھول کپڑے سے صاف کرتے ہوئے سوچا۔ پمبرم کی نیلی اور ہری دھاریاں وقت کے ساتھ دھندلی ہو چکی تھیں۔ بچے لَٹّو کو مَنی چِتپّا کے پاس لے گئے۔

پمبرم کو دیکھ کر مَنی چِتپّا بہت خوش ہوا۔ جب وہ چھوٹا بچّہ تھا تب یہ اُس کا پسندیدہ کھلونا ہوا کرتا تھا۔

"جاؤ میرے لیے ایک ڈوری لے آؤ" مَنی چتپّا بولا۔

بالا، چترا پاٹی کے اسٹور روم سے لمبی موٹی ڈوری لے آیا۔ مَنی چتپّا نے ڈوری لَٹّو کے اطراف کئی بار لپیٹی اور کلائی کے جھٹکے سے اسے چھوڑ دیا۔ پمبرم کو یقین نہیں آرہا تھا کہ وہ گھوم رہا ہے۔ بالا اور پریا خوشی سے تالی بجاتے ہوئے کودنے لگے۔

مَنی چتپّا نے گھومتے ہوئے پمبرم کو اپنی ہتھیلی پہ اُٹھا لیا۔

"اپنی ہتھیلی دکھاؤ" مَنی چتپّا نے پریا سے کہا اور گھومتے ہوئے پمبرم کو آہستہ سے اُسکی ہتھیلی پہ رکھ دیا۔

"ہی! ہی! ہی!" گدگدی ہو رہی ہے!" پریا کھلکھلائی۔

پمبرم کی خوشی کا کوئی ٹھکانہ نہ تھا۔ اس نے ٹھان لی، آج، وہ مزے کرے گا۔ خوب سارے مزے! اور وہ اب کبھی گھومنا بند نہیں کرے گا۔

پمبرم کود کر پریا کی ہتھیلی سے بالا کی ہتھیلی پہ چلا گیا۔ "ہا! ہا! ہا!" بالا ہنسا "گدگدی تو ہوتی ہے!"پمبرم دھیرے دھیرے بازو سے ہوتا ہوا مستی میں گھومتے ہوئے اس کے کندھے پر جا پہنچا۔ اب پمبرم کیا کرنے والا تھا؟

ایک بڑی چھلانگ اور وہ زمین پر دوبارہ پہنچ گیا۔

پریا، پمبرم بننے کا ڈرامہ کرنے لگی۔ دونوں بازوؤں کو پھیلاتے ہوئے۔ چوٹی ہلاتے ہوئے، فراک کو لہراتے ہوئے وہ گول گول گھومتی رہی جب تک اسے چکّر نہیں آگیا۔

"یہ کدھر جارہا ہے؟" بالا چلّایا۔

پمبرم کھیلنے کے موڈ میں تھا 'پکڑ سکو، تو پکڑ لو'
بے تحاشہ تیزی سے گھومتے ہوئے وہ گھر کے اندر غائب ہوگیا۔
اب پمبرم کہاں تھا؟ میز کے نیچے۔

بالا رینگتے ہوئے میز کے نیچے پہنچا لیکن
پمبرم، پلک جھپکتے ہی وہاں سے غائب۔
اب پمبرم کہاں تھا؟

دیوار پر لٹکی بڑی گھڑی کے اُوپر۔

پریا کُرسی پر چڑھ کر اس تک پہنچنے کی
کوشش کرنے لگی لیکن پمبرم ایک لمبی
چھلانگ لگا کر غائب۔

زِپ !۔ زیپ ! زوم !پمبرم لہراتے ہوئے کچن میں جا پہنچا۔ اب پمبرم کہاں تھا۔
آہستہ آہستہ چلتا ہوا مِکسر کے کنارے جا پہنچا۔ چترا پاٹی نے اسے پکڑنے کی کوشش کی لیکن پمبرم ان کے ہاتھ نہ آیا۔

اب پمبرم کدھر تھا؟ الماری کے اوپر۔

گھر میں کام کرنے والی گرجا نے اس کی طرف جھاڑو لہرایا، لیکن پمبرم کی بجائے آٹے کا کنستر نیچے آپڑا۔ پمبرم کچن کے دروازے سے نکل کر گھر کے پچھلے حصّے میں جھٹ سے جا پہنچا۔

اب پمبرم کدھر تھا؟ پانی سے بھرے گڑھے میں پاگل کی طرح گھوم رہا تھا۔

بالا اور پریا نے اسے پکڑنے کی کوشش کی لیکن وہ کیچڑ سے لت پت ہو گئے۔

اب پمبرم کدھر تھا؟ چترا پاٹی کی مرغیوں کے پیروں کے پاس آڑے ترچھے گھومتے ہوئے۔ پک! پک! پک! مرغیاں ڈر کر شور مچانے لگیں کیونکہ اس سے پہلے انھوں نے پمبرم جیسی چیز نہیں دیکھی تھی۔

حیران مرغیوں کو پیچھے چھوڑتے ہوئے پمبرم اب سامنے کے گیٹ سے نکلتا ہوا سڑک پر جا پہنچا۔

اب پمبرم کہاں تھا اور کیا کر رہا تھا؟
گاؤں کے ڈاکیے بوہاری کی سائیکل کی پہیوں کے بیچ سے اپنا راستہ بناتے ہوئے نکل گیا۔

بوہاری نے کوشش کی کہ وہ پمبرم پر نہ چڑھے لیکن بری طرح ڈگمگاتے ہوئے اُس کی سائیکل نے اپنی سواری کو کچی سڑک پر پھینک دیا۔

اب پمبرم کیا کر رہا تھا؟

گاؤں میں سفیدی کرنے والا مُتھّو، سڑک کے کنارے لگے لیٹر باکس کو رنگنے میں مگن تھا۔ اس سے پہلے کہ مُتھّو کچھ سمجھ پاتا، پمبرم دوڑ کر اُس کی طرف آیا اور چھپاک سے لال رنگ کے پینٹ کے ڈبے میں گر گیا۔

پمبرم اب تھک چکا تھا۔

لٹو کو لال رنگ کے پینٹ میں نہاتے دیکھ کر پریا اور بالا اپنی ہنسی روک نہیں پائے۔ انہوں نے اس کے سوکھنے کا انتظار کیا اور پھر مُتھو نے اپنے برش سے اُس پر کالی دھاری پینٹ کردی۔

اب یہ شرارتی لٹو نئے جیسا دکھائی دینے لگا۔ اور پمبرم کو اپنا نیا روپ، یہ نئی کالی، لال دھاری پسند آئی۔

الفاظ و معنی

پمبرم : تمل میں لٹّو

انّا : بڑا بھائی (تمل میں)

چتپّا : چچا (تمل میں)

پاٹی : دادی (تمل میں)

Story Attribution:

This story: "پمبرم" شراتی لٹّو is translated by Anis Azmi . The © for this translation lies with Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Based on Original story: 'Pambaram, the Naughty Top', by Kavitha Punniyamurthi . © Pratham Books , 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

Other Credits:

'Pambaram, Shararati Lattu' has been published on StoryWeaver by Pratham Books. The development of this book has been supported by Parag (Promoting Innovative Publishing in Education), an initiative of Tata Trusts. www.prathambooks.org

Images Attributions:

Cover page: Children presenting a spinning Pambaram, by Ajanta Guhathakurta © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 2: Children playing with a top, by Ajanta Guhathakurta © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 3: Man looking at children playing in the background, by Ajanta Guhathakurta © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 4: Man makes a top spin with a string, by Ajanta Guhathakurta © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 5: Man gives a top to a girl to play, by Ajanta Guhathakurta © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 6: Boy playing with a spinning top, by Ajanta Guhathakurta © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 7: Girl with arms outstretched, dancing with a spinning top, by Ajanta Guhathakurta © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 8: A top spinning in the corner, by Ajanta Guhathakurta © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 9: Girl standing on a chair and boy under a table looking at a top spinning on the clock, by Ajanta Guhathakurta © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 10: Woman taking a swing at the cupboard top with a broom while the top escapes, by Ajanta Guhathakurta © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

The development of this book has been supported by Parag (Promoting Innovative Publishing in Education), an initiative of Tata Trusts.

"پمبرم" شرارتی لٹّو
(Urdu)

وہ شرارتی لٹّو پمبرم کس قدر تیز گھومتا تھا۔ اس کے پاس اپنا ہی دماغ تھا۔

This is a Level 2 book for children who recognize familiar words and can read new words with help.